Easy Notes

# Very Important Grammar



## The Noun اسم

**Definition:**

"A noun is a word used as the name of a person, a place or a thing as well as passion or thought is called noun."

**تعریف:**

وہ لفظ جو کسی انسان، چیز، جگہ، جانور، یا جذبہ و خیال کے لئے بطور نام استعمال کیا جائے اردو میں اسم اور انگریزی میں Noun کہلاتا ہے۔" خالق و پرودگار کی اس کائنات میں تمام چیزیں اسم (Noun) کہلاتی ہیں۔ چاہے وہ جاندار ہیں یا بے جان۔ چاہے ان میں عقل و سمجھ بوجھ ہے یا نہیں۔ چاہے وہ چھوٹی ہیں یا بڑی حتیٰ کہ اس عظیم کائنات کی ہر شے کو اسم ہی کہیں گے۔ مثالوں سے اپنا تصور (Concept) واضح کریں۔

**Examples:**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| Aslam | اسلم | Lion | شیر | Masood | مسعود |
| Umar | عمر | Horse | گھوڑا | Ahmed | احمد |
| Saleem | سلیم | Goat | بکری | Bashir | بشیر |

## Kinds of Noun اسم کی قسمیں

www.pakcity.org

اسم کی اردو اور انگریزی دونوں میں مندرجہ ذیل چار قسمیں ہیں۔

| | |
|---|---|
| 1. Common Noun | 1. اسم نکرہ |
| 2. Proper Noun | 2. اسم معرفہ |
| 3. Collective Noun | 3. اسم جمع |
| 4. Abstract noun | 4. اسم کیفیت |

EDUCATION pakcity.org

اب ان چار قسموں میں سے ہر ایک کی الگ الگ تفصیل ملاحظہ فرمائیں۔

### Common Noun:

Definition:

"A name given in common to every person or thing of the same class or kind is called a common noun."

**تعریف:** "کسی عام شخص، جانور، چیز یا جگہ کے نام کو اردو میں اسم نکرہ اور انگریزی میں Common Noun کہتے ہیں۔" مثالوں سے سمجھیں۔

**Examples:**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| Table | میز | Lion | شیر | Girl | لڑکی |
| Hospital | ہسپتال | Cat | بلی | Boy | لڑکا |

## Proper Noun:

Definition:

" The special name of a particular person or place is called a proper noun."

**تعریف:** ” کسی خاص شخص، چیز یا جگہ کے نام کو اردو میں اسم معرفہ اور انگریزی میں Proper Noun کہتے ہیں۔“ مثالوں سے سمجھیں۔

**Examples:**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| Najma | Adil | Faisal | Mayo Hospital | Lahore |

اِن مثالوں سے آپ اچھی طرح سمجھ گئے ہونگے۔ کہ اسم نکرہ (Common Noun) اور اسم معرفہ (Proper Noun) میں کیا فرق ہے؟ Boy جس کا معنی لڑکا ہے کسی عام لڑکے کو بھی لڑکا ہی کہتے ہیں۔ مگر Adil کسی عام لڑکے کا نام نہیں ہو سکتا۔ یہ صرف اُسی لڑکے کا نام ہو سکتا ہے جس کے لئے تجویز کیا گیا ہے۔ اسی طرح ہر ہسپتال کو Hospital ھی کہیں گے مگر Mayo Hospital ایک خاص Hospital کا نام ہے باقی تمام مثالیں بھی اسی طرح ہے۔

## Collective Noun:

Definition: " The name of a number of persons or things taken together and spoken of as one whole is called a collective noun."

**تعریف:** ” وہ نام جو کسی گروہ یا جماعت کے لئے استعمال ہوں انہیں اردو میں اسم جمع اور انگریزی میں Collective Noun کہتے ہیں۔“ مثالوں سے سمجھیں۔

**Examples:**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| Committee | Army | Class | Crowd | Regiment | Set |

اِن میں Committee کے معنی کمیٹی کے ہیں۔ کمیٹی ایک آدمی کی نہیں ہوتی، بلکہ یہ بہت سے لوگوں سے مل کر بنائی جاتی ہے۔ اِسی طرح Army بھی ایک فرد یعنی ایک فوجی سے نہیں بن سکتی۔ اسی طرح Class بھی بہت سے طالب علموں (students) سے بنتی ہے باقی اور بھی بہت سی ایسی مثالیں ہیں۔ آئیں ایک مثال سے سمجھتے ہیں۔

Our team is the best.
The jury were divided in their verdict.

اس میں جیوری چونکہ اس کے فیصلے میں بٹ چکی ہے۔ اس لئے اس کے ساتھ فعل بھی جمع کا ہے آئے گا اِسی طرح اس کی ایک اور مثال ہے۔

Our team are wearing their jerseys.
The jury was unanimous in its verdict.

اس میں چونکہ پوری پنچایت کا فیصلہ ایک ہی ہے اور پوری پنچایت ایک ہی رائے پر متفق ہے۔ پس اس کے ساتھ فعل واحد آئے گا اس کے علاوہ باقی Class اور Committee وغیرہ کی مثالیں بھی اِسی طرح ہیں۔

## Abstract Noun:

Definition:

" The name of a quality, action or state is called the Abstract noun."

**تعریف:** ” وہ الفاظ جو کسی چیز کی کیفیت، عمل یا خاصیت کو ظاہر کریں۔ انہیں اُردو میں اسم کیفیت اور انگریزی میں Abstract Noun کہتے ہیں۔“ مثالوں سے سمجھیں۔

**Examples:**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| Laughter | ہنسی | Sleep | نیند | Truth | سچ |
| Theft | چوری | Death | موت | Honesty | سچائی |

ان مثالوں میں Honesty کسی کی خاصیت اور Sleep کسی کی کیفیت جبکہ Theft کسی کا عمل ہے اصل میں Abstract کا لفظی معنی جدا کرنا، کھینچ لینا اور نکال لینا کے ہیں۔ اس سے مراد کے ساری انگریزی میں سے وہ لفظ نکال لینا جو کسی کیفیت، عمل یا خاصیت کے متعلق ہوں اس لئے ان کو Abstract Noun کہتے ہیں۔

## Formation of Abstract Noun

اس Noun کو چونکہ انگریزی کے مختلف الفاظ سے نکالا جاتا ہے اور وہ الفاظ کے ذخیرے جن میں سے انہیں نکالا جاتا ہے مندرجہ ذیل ہیں۔

| | |
|---|---|
| ❖ From Adjective | صفت سے ❖ |
| ❖ Form Verb | فعل سے ❖ |
| ❖ From Common Noun | اسم نکرہ سے ❖ |

## ❖ From Adjective — صفت سے ❖

ہم اسم کیفیت کو اسم مصدر بھی کہتے ہیں۔ اس کو ہم صفت سے حاصل کرتے ہیں۔ جس طرح Honest ایماندار کسی کی صفت ہے تو اس کا (Noun) ناؤن Honesty (ایمانداری) اسم مصدر ہے اس کے علاوہ Kind (مہربان) کسی کی صفت ہے تو اس کا ناؤن Kindness (مہربانی) اسم مصدر ہو گا۔ اس کے علاوہ اور بھی بہت سی اس کی مثالیں ہیں۔ جن سے ہم اسم مصدر یعنی اسم کیفیت حاصل کرتے ہیں۔

| Adjective | Meanings | Noun | Meanings |
|---|---|---|---|
| Able | قابل | Ability | قابلیت |
| Abundant | بکثرت | Abundance | کثرت |
| Active | مستعد | Activity | سرگرمی |
| Brave | بہادر | Bravery | بہادری |

## ❖ From Verb — فعل سے ❖

ہم اسم مصدر کو فعل (verb) سے بھی حاصل کرتے ہیں۔ مثلاً Obey (فرمانبرداری کرنا) ایک فعل ہے جبکہ اس کا ناؤن Obedience (فرمانبرداری) اسم مصدر ہے اسی طرح Grow (بڑھنا) ایک فعل ہے اور اس کا ناؤن Growth (بڑھوتی) اسم مصدر ہو گا۔ اس کے علاوہ اور بھی تمام فعلوں (verbs) سے ہم اسم مصدر (Abstract Noun) حاصل کر سکتے ہیں۔

| Verbs | Meanings | Noun | Meanings |
|---|---|---|---|
| Abide | رہنا | Adobe | رہنے کی جگہ |
| Act | کام کرنا | Action | عمل |
| Admit | داخل کرنا | Admission | داخلہ |
| Agree | راضی ہونا | Bravery | سمجھوتہ |
| Amuse | دل خوش کرنا | Amusement | تفریح |

## ❖ From Common Noun ❖ اسم نکرہ سے

اسم نکرہ بذاتِ خود ایک ناؤن ہے۔ مگر ہم اس سے بھی اسم مصدر حاصل کر سکتے ہیں۔ مثلاً Child (بچہ) اسم نکرہ ہے۔ جبکہ Childhood (بچپن) اسم مصدر ہے اور Infant (شیر خوار بچہ) اسم نکرہ ہے تو Infancy (شیر خوارگی) اسم مصدر ہے۔ اس طرح Boy (لڑکا) اسم نکرہ ہے تو Boyhood (لڑکپن) اسم مصدر ہو گا۔

| Words | Meanings | Abs. Noun | Meanings |
|---|---|---|---|
| Act | کام | Action | کام |
| Agent | کارندہ | Agency | آڑھت |
| Baby | بچہ | Babyhood | بچپن |
| Boy | لڑکا | Boyhood | لڑکپن |
| Brave | بہادر | Bravery | بہادری |

## Pronoun اسم ضمیر

Definition:

"The word used instead of a noun, is called a pronoun."

تعریف: " وہ الفاظ جو کسی اسم (Noun) کی بجائے استعمال کیا جائے۔ اُسے اُردو میں اِسم ضمیر اور انگریزی میں Pronoun کہتے ہیں۔"

**Examples:**

| | |
|---|---|
| Anila is absent because she is ill. | انیلہ غیر حاضر ہے کیونکہ وہ بیمار ہے۔ |
| Adil is a boy and he is hard working. | عادل ایک لڑکا ہے اور وہ محنتی ہے۔ |
| Rafia is a baby and she is very clever. | رافیہ ایک بچی ہے اور وہ بہت ہوشیار ہے۔ |

ان مثالوں میں She کو Anila اور Rafia کی جگہ جبکہ he کو Adil کی جگہ استعمال کیا گیا ہے۔ مثلاً اگر ہم کہیں۔

Anila is absent because she is ill.

اس کا مطلب ہے۔ کہ انیلہ غیر حاضر ہے۔ کیونکہ انیلہ بیمار ہے۔

اس میں لفظ انیلہ دو بار آیا ہے۔ اسکو بار بار استعمال کرنا درست نہیں۔ اس لئے ہم اسکے نام کی بجائے "She" استعمال کرینگے۔ اسکو اسم ضمیر (Pronoun) کہتے ہیں۔ درج مثالوں میں She اور he اسم ضمیر ہے۔

www.pakcity.org

## Kinds of Pronouns اسم ضمائر کی اقسام

اسم ضمائر کی مندرجہ ذیل نو (Nine) اقسام ہیں:

## 1. Personal Pronouns .1 ضمائر شخصی

Definition:

"The pronouns stand for three persons are called personal pronouns."

تعریف: " وہ اسم ضمائر جو تین اشخاص کے لئے استعمال کئے جائیں۔ انکو ضمائر شخصی کہتے ہیں۔"

### i. First Person .i شخص متکلم

Definition:

"The person, who is speaking, is called first person, of the personal pronouns."

تعریف: " وہ شخص جو بات کر رہا ہوتا ہے۔ اس کو پہلا شخص یا شخص متکلم کہتے ہیں۔ متکلم واحد بھی ہوتا ہے اور جمع بھی، واحد متکلم کے لئے ہم i ,my , me اور جمع کے لیے us, our , we کی ضمیریں استعمال کرتے ہیں۔"

| ii. Second Person | دوسرا (حاضر) شخص .ii |
|---|---|

Definition:

" The person who is spoken to, is called the second person of personal pronouns."

تعریف: " وہ شخص جس سے بات کی جائے۔ اُسے شخص متکلم کا مخاطب یا حاضر متکلم کہتے ہیں۔ واحد اور جمع دونوں ہوتے ہیں۔ واحد اور جمع دونوں کے لیے ہم you , your کی ضمیریں استعمال کرتے ہیں۔"

| iii. First Person | شخص متکلم .iii |
|---|---|

Definition:

" The person whom we speak about, is called the third person of personal pronouns."

تعریف: " وہ شخص جس کے متعلق کوئی بات کی جائے۔ اسکو غائب کہتے ہیں۔ واحد غائب کے لیے He ,She , it اور His, Her , its کی ضمیریں اور جمع غائب کے لیے They ,Their , Them کی ضمیریں استعمال کرتے ہیں۔"

## 2. Possessive Pronouns — ضمائر ملکیتی .2

Definition:

"The person which denote the possession of any noun are called possessive pronouns."

تعریف: " ایسے پروناؤن جو ناؤن کسی (Noun) کی ملکیت کو ظاہر کریں۔ اُردو میں ملکیتی اِسم ضمیر اور انگریزی میں Possessive Pronouns کہلاتے ہیں۔"

Possessive Pronoun کا استعمال :

ملکیتی اِسم ضمائر کا استعمال ہم دو طریقوں سے کرتے ہیں:

☞ Personal Pronoun کو اگر اِسم (Noun) اور فعل (Verb) کے بعد استعمال کیا جائے۔ تو اِسکو اُردو میں ملکیتی اِسم ضمیر Possessive Pronoun کہتے ہیں۔

**Examples:**

| | |
|---|---|
| That garage is mine. | وہ گیراج میرا ہے۔ |
| This school is ours. | یہ سکول میرا ہے۔ |
| This bag is hers. | یہ بیگ اسکا ہے۔ |

☞ Personal Pronoun کو اگر فعل کے بعد اور اسم سے پہلے استعمال کیا جائے تو اِسکو اُردو میں ملکیتی اِسم صفت Possessive Adjective کہتے ہیں۔ اور اِسکو ضمیری اِسم صفت (Pronominal Adjective) بھی کہتے ہیں۔

www.pakcity.org

## 3. Reflexive Pronouns — 3. ضمائر فعل معکوس

Definition:

"When the action done by the subject turns back upon the subject they are called reflexive Pronouns."

They are also called compound personal pronouns when selves/self is added to him, her, our, Them, your etc.

تعریف: جب him, her, them, your اور our وغیرہ کیساتھ Selves یا Self کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ تو یہ Compound Personal Pronouns کہلاتے ہیں۔

**Examples:**

| | |
|---|---|
| He hurts himself. | اسے چوٹ لگ جاتی ہے۔ |
| I saw myself in the mirror. | میں نے اپنے آپ کو آئینے میں دیکھا۔ |
| We often deceive ourselves. | ہم اکثر اپنے آپ کو دھوکہ دیتے ہیں۔ |

ان مثالوں میں چونکہ Reflexive pronouns کو ہم نے فعل (Verb) کے بعد استعمال کیا ہے۔ اس لیے اسکو فعل کا مفعول (object) کہیں گے۔ اسکو Objective Case بھی کہتے ہیں۔

## 4. Emphatic Pronouns — 4. ضمائر تاکیدی

**Definition:**

"When the pronouns are used for the sake of emphasis, are called emphatic pronouns."

تعریف: " جب ضمائر کو کسی کام میں زور یا دباؤ پیدا کرنے کے لیے استعمال کیا جائے۔ اس استعمال کو ضمائر تاکیدی (ضمائر زور آور) کہتے ہیں۔ "

**Examples:**

| | |
|---|---|
| I will do it myself. | میں خود یہ کام کروں گا۔ |
| I myself saw him do it. | میں نے خود اسکو یہ کرتے ہوئے دیکھا۔ |
| We will see it ourselves. | ہم خود اس کو دیکھیں گے۔ |

ان مثالوں میں Pronoun (اسم ضمیر) Self کو بطور تاکیدی استعمال کیا گیا ہے۔ ہم یوں بھی کہہ سکتے ہیں۔ میں یہ کام کروں گا۔ (I will do it) مگر اس بات میں کوئی یہ یقین سے نہیں کہہ سکتا کہ وہ یہ کام کرے گا بھی کہ نہیں لیکن اگر وہ کہے کہ میں خود یہ کام کروں گا ۔ اس میں ٪100 یقین ہے ۔ کہ وہ یہ کام ضرور کرے گا ۔ ضمائر تاکیدی (Emphatic Pronouns) کو ہم ضمائر زور آور (Emphasizing Pronouns) بھی کہتے ہیں۔

## 5. Demonstrative Pronouns — 5. ضمائر اشارہ

**Definition:**

"The pronouns used to point out the objects to which they refer are called demonstrative pronouns."

تعریف: " ایسے ضمائر (ضمیر کی جمع) جو چیزوں کو ظاہر کرنے کے لیے اشارہ کریں۔ اردو میں ان کو ضمائر مدلل یعنی دلیل دینے والے اور انگریزی میں Demonstrative Pronouns کہتے ہیں۔ لفظ Demonstrate لاطینی زبان کا لفظ ہے۔ جسکے معنی دکھانے To show clearly کے ہیں۔ "

www.pakcity.org

**Examples:**

| | |
|---|---|
| This is a present from my uncle. | میرے چچا کی طرف سے یہ انعام ہے۔ |
| These are merely excuses. | یہ صرف بہانے ہیں۔ |
| Both cars are good but, this is better than that. | دونوں کاریں اچھی ہیں۔ مگر یہ اس سے زیادہ اچھی ہے۔ |

ان میں This, Both, These, Those, Such اور That وغیرہ کو کسی چیز کیطرف اشارہ کرنے کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔ اس لیے انکو Demonstrative Pronouns کہتے ہیں۔

## 6. Indefinite Pronouns — 6. ضمائر تنکریہ

**Definition:**

"The pronouns which refer to persons or things in a general way, but do not refer to any person or thing in particular, are called Indefinite pronouns."

تعریف: " ایسے ضمائر جو کسی شخص یا چیز کو ایک خاص انداز میں ظاہر کرنے کی بجائے عام انداز میں ظاہر کریں۔ ضمائر تنکریہ غیر معین کہلاتے ہیں۔"

**Examples:**

| | |
|---|---|
| All were drowned. | سب کے سب غرق ہو گئے۔ |
| One, who works hard, succeeds. | جو کوئی محنت کرتا ہے کامیاب ہو جاتا ہے |
| His words are in everybody's mouth. | اس کے الفاظ ہر ایک کے منہ میں ہیں۔ |

## 7. Distributive Pronouns — 7. ضمائر تقسیمی

**Definition:**

"The pronouns which refer to persons or things one at a time are called distributive pronouns."

تعریف: " ایسے ضمائر جو زیادہ اشخاص یا اشیاء کو ظاہر کریں۔ لیکن ایک وقت میں واحد کے معنی ہیں۔ ضمار تقسیمی کہلاتے ہیں۔ اس لیے یہ ہمیشہ واحد ہوتے ہیں۔ اور انکے لیے فعل بھی واحد استعمال ہوتا ہے۔"

**Examples:**

Either, neither, each, etc.

Either کا مطلب ہے دونوں میں سے ایک، Neither کا مطلب ہے دونوں میں سے کوئی بھی نہیں، تاہم Either اور Neither کو دو اشخاص کی بات کرتے ہی استعمال کرنا چاہیے۔ جب دو سے زیادہ اشخاص کی بات ہو تو پھر any, no one اور none استعمال کرنا چاہیے۔

**Examples:**

| | |
|---|---|
| Each of the boys gets a prize. | ہر لڑکا انعام حاصل کرنا چاہتا ہے۔ |
| Either of you can go. | تم میں سے کوئی ایک جا سکتا ہے۔ |
| Neither of the accusations is true. | کوئی الزام بھی ٹھیک نہیں ہے۔ |

ان کو ہم اِسم صفت (Adjective) کے طور پر بھی استعمال کرتے ہیں۔ اس لئے اِن کو تقسیمی اِسم صفت (Distributive adjective) بھی کہتے ہیں۔

www.pakcity.org

## 8. Relative Pronouns — pakcity.org — 8. ضمائر نسبتی

**Definition**:

"When the pronouns are related or reffered to a noun which has gone before, they are called Relative pronouns."

تعریف: "ایسے ضمائر جن کا تعلق ایسے اِسم (Noun) سے ہو جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہو ضمائر نسبتی کہلاتے ہیں ۔ مثلاً Who, which, that etc "

**Examples:**

| | |
|---|---|
| I met Adil. Adil had just returned. | میں عادل سے ملا۔ عادل ابھی واپس آیا ہی تھا۔ |
| I got the pen. I lost my pen. | مجھے قلم مل گیا ہے۔ مجھ سے قلم گم ہو گیا تھا۔ |

☞ اب ان مثالوں کو ہم باہم ملاتے ہیں۔ اور اِن کے درمیان جو لفظ بطور جوڑنے کے لئے استعمال ہونگے اُن کو ہم ضمائر نسبت (Relative pronouns) کہتے ہیں۔

**Examples:**

| | |
|---|---|
| I met Adil who had just returned. | میں عادل سے ملا جو ابھی واپس آیا ہی تھا۔ |
| I have found the pen that I lost. | مجھے قلم مِل گیا ہے جو میں گم کر چکا تھا۔ |

☞ ان مثالوں میں ہم نے Who, Which, That وغیرہ کو Connector کے طور پر استعمال کیا ہے۔ اِن کو مندرجہ ذیل تین طریقوں سے استعمال کرتے ہیں۔

i. لفظ "Who" کو ہم نے اِسم (Noun) عادل کی جگہ استعمال کیا ہے۔ اِس طرح یہ اسم ضمیر کے طور پر بھی کام کرتا ہے۔

ii. " Who " دو جملوں کو باہم ملا کر ایک بناتا ہے۔ اور اس طرح یہ دو جملوں کے درمیان ایک Conjunction کا بھی کام کرتا ہے۔

iii. " Who " چونکہ ایک وقت میں دو کام کرتا ہے۔ ایک تو پرو ناؤن اور دوسرا Conjunction کے طور پر اس لئے اس کو ہم Conjunction بھی کہتے ہیں۔ That اور Which کی مثالیں بھی اس طرح ہیں۔

www.pakcity.org

## The Adjective — اسم صفت

**Definition**:

" A word used with a noun to describe or point out, the person, animal, place or thing which the noun names or to tell the number or quality, is called an Adjective."

تعریف: "وہ لفظ جو کسی اسم (Noun) یا اِسم ضمیر (Pronoun) کی اچھائی یا برائی اور تعداد یا مقدار وغیرہ کو ظاہر کرے اُسے اِسم صفت اور انگریزی میں Adjective کہتے ہیں۔ "

**Examples:**

| | |
|---|---|
| Lahore is a **beautiful** city. | لاہور ایک خوبصورت شہر ہے۔ |
| Naila is a **beautiful** girl. | نائلہ ایک خوبصورت لڑکی ہے۔ |
| Daud is an **honest** boy. | داؤد ایک ایماندار لڑکا ہے۔ |
| This is a **new** book. | یہ ایک نئی کتاب ہے۔ |
| I have **fifteen** rupees. | میرے پاس پندرہ روپے ہیں۔ |

درج ذیل مثالوں میں جو بولڈ الفاظ beautiful, honest, new, fifteen وغیرہ اس صفت (Adjectives) ہیں۔ کیونکہ یہ کسی نہ کسی چیز کی وضاحت کر رہے ہیں۔ مثلاً ہم کہتے ہیں کہ نائلہ ایک لڑکی ہے۔ تو سننے والے کو کیا پتہ چلے گا کہ وہ کیسی ہے۔ اسکو پھر بتائیں گے کہ نائلہ ایک خوبصورت لڑکی ہے تو اس سے بات واضح ہو جائے گی کہ لڑکی کیسی ہے۔ اس میں جو لفظ خوبصورت استعمال ہوا ہے۔ اس کو ہم صفت یعنی Adjective کہتے ہیں۔

## Kinds of Adjectives اِسم صفت کی اِقسام

اِسم صفت (Adjectives) کی مندرجہ ذیل آٹھ (8) اِقسام ہیں ہر ایک کا تفصیل سے مطالعہ لازمی کریں۔

## 1. Adjectives of Quality — 1. اِسم صفت ذاتی

**Definition:**

"The words which describe the kind or quality of a person or thing are called Adjectives of Quality."

**تعریف:** "وہ الفاظ جو کسی چیز یا شخص کی خاصیت کی وضاحت کریں یا وہ الفاظ جو کسی Noun یا Pronoun کی ذاتی اچھائی یا برائی کو ظاہر کریں۔ اُردو میں صفت ذاتی اور انگریزی میں Adjective of Quality کہلاتے ہیں۔"

**Examples:**

| | |
|---|---|
| Karachi is a **large** city. | کراچی ایک بڑا شہر ہے۔ |
| Zafar is an **honest** man. | ظفر ایک ایماندار آدمی ہے۔ |
| This forest is **very** large. | یہ جنگل بہت بڑا ہے۔ |
| Maqsood is a **good** boy. | مقصود ایک اچھا لڑکا ہے۔ |
| This is **my** office. | یہ میرا دفتر ہے۔ |

ان مثالوں میں large, honest, very, good, my وغیرہ Adjectives of Quality (اسم صفت ذاتی) کہلاتے ہیں۔

## 2. Adjective of Quantity — 2. اِسم صفت مقداری

**Definition:**

"The words which shows the quantity of anything are called Adjectives of Quality."

**تعریف:** "وہ الفاظ جو کسی چیز کی مقدار کو ظاہر کریں۔ اردو میں انکو صفت مقداری اور انگریزی میں Adjective of Quantity کہتے ہیں۔ صفت مقداری سوال کا جواب "How much" یعنی "کتنی مقدار" سے دیتا ہے۔ یا وہ اسم جو کسی چیز کی مقدار کو ظاہر کریں وہ کتنی ہے۔ اسم صفت مقداری کہلاتے ہیں۔

**Examples:**

| | |
|---|---|
| I ate **some** rice. | میں نے تھوڑے سے چاول کھائے۔ |
| He showed **much** patience. | اس نے بہت ہی صبر و تحمل دکھایا۔ |
| You have **no** sense. | تمہیں کوئی عقل نہیں ہے۔ |
| He has **little** intelligence. | وہ تھوڑی سی سمجھ رکھتا ہے۔ |
| Take **great** care of your health. | اپنی صحت کا خاص خیال رکھو۔ |

www.pakcity.org

## 3. Adjective of Number — 3. اسم صفت عددی

**Definition:**

" The words which show the number of things or persons are called Adjectives of Number or Number Adjectives. "Or "Which show in what order a person or thing stands. "as"

تعریف: " وہ الفاظ جو چیزوں یا آدمیوں کی تعداد کو ظاہر کریں۔ اردو میں اسم صفت عددی اور انگریزی میں Adjectives of Numbers کہلاتے ہیں۔ ان کو صفت شماری بھی کہتے ہیں۔ " جو لفظ "How many" کا جواب دیتے ہیں۔

**Examples:**

| | |
|---|---|
| A hand has **five** fingers. | ہاتھ کی پانچ انگلیاں ہوتی ہیں۔ |
| **Few** cats like cold water. | بہت کم بلیاں ٹھنڈا پانی پسند کرتی ہیں۔ |
| There are **no** pictures in this book. | اس کتاب میں کوئی تصویر نہیں ہیں۔ |
| I have taught you **many** things. | میں نے تمہیں بہت سی چیزیں سکھائی ہیں۔ |
| **All** men must die. | سب انسانوں کو مرنا ہے۔ |

ان مثالوں میں All, many, no, few, five وغیرہ چیزوں کی تعداد کو ظاہر کر رہے ہیں۔ اس لئے ان کو اسم صفت عددی کہتے ہیں۔

## 4. Demonstrative Adjectives — 4. اسم صفت اشاری

**Definition:** " The words which refer to a noun or things, are called Demonstrative Adjectives."

تعریف: " وہ الفاظ جو کسی اسم (Noun) کو ظاہر کریں۔ ان کو اردو میں اسم صفت ، اشاری اور انگریزی میں Demonstrative Adjectives کہتے ہیں۔

**Examples:**

| | |
|---|---|
| **That** boy is industrious. | وہ لڑکا محنتی ہے۔ |
| **That** is my brother. | وہ میرا بھائی ہے۔ |
| I hate **such** things. | میں ایسی چیزوں سے نفرت کرتا ہوں۔ |
| **These** mangoes are sour. | یہ آم ترش ہیں۔ |
| **Those** are his toys. | وہ اس کے کھلونے ہیں۔ |

ان مثالوں میں These یا That , وغیرہ Demonstrative Adjectives (صفت اشاری) ہیں۔ ان میں بظاہر (Noun) نظر آ رہا ہے۔ مگر چونکہ یہ کسی کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ اس لئے اس کو بھی صفت اشاری میں رکھا گیا ہے۔ This یا That ہم واحد اسموں کے لئے اور Those اور These جمع اسموں کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

## 5. Interrogative Adjectives — 5. صفت سوالیہ

**Definition:**

" What, which and whose when they are used with nouns to ask questions, are called Interrogative Adjectives."

تعریف: " جب What, which, Whose کو اسموں کے ساتھ کوئی سوال پوچھنے کے لئے استعمال کیا جائے۔ تو اس کو اردو میں صفت سوالیہ اور انگریزی میں Interrogative Adjectives کہتے ہیں۔ "

**Examples:**

| | |
|---|---|
| **What** manner of man is he? | اس آدمی کا مزاج کیا ہے؟ |
| **What** way shall we go? | ہم کسی رستے سے چلیں؟ |
| **Whose** book is this? | یہ کتاب کس کی ہے؟ |

ان مثالوں میں What, which, Whose وغیرہ کو سوال پوچھنے کیلئے استعمال کیا گیا ہے۔ What کو عام فہم (General Sense) میں Which کو پسندیدہ فہم (Selective Sense) میں استعمال کیا جاتا ہے۔

## 6. Emphasizing Adjectives — 6. صفت تاکیدی

**Definition:**

" The words "own and very" used in the sentences, are called Emphasizing Adjectives."

تعریف: "Very یا own کو جملوں میں استعمال کرنا اردو میں صفت تاکیدی اور انگریزی میں Emphasizing Adjectives کہتے ہیں۔"

**Examples:**

| | |
|---|---|
| I saw it with my **own** eyes. | میں نے اس کو اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ |
| He is his **own** master. | وہ اپنا استاد آپ ہے۔ |
| That is the **very** thing we want. | یہ وہی چیز ہے جو ہم چاہتے ہیں۔ |

ان مثالوں میں Own اور very کسی چیز پر زور دے رہے ہیں۔ مثال نمبر 1 کو ہم یوں بھی کہہ سکتے ہیں I saw it with my eyes، اس سے بھی بات سمجھ آجاتی ہے۔ مگر own کا اضافہ کر کے اس بات پر زور دیا گیا ہے۔ کہ یہ بات 100% درست ہے کہ میں نے اس کو اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔

## 7. Exclamatory Adjectives — 7. اسم صفت استجابیہ، ندائیہ

**Definition:**

" When the word "What" is used sometimes as an exclamatory is called Exclamatory Adjective."

تعریف: "جب What کو بعض اوقات استجابیہ جملوں (Exclamatory Adjective) میں استعمال کیا جائے اس کو صفت استجابیہ کہتے ہیں۔"

**Examples:**

| | |
|---|---|
| **What** a genius! | کیسا ذہین ہے! |
| **What** folly! | کیسی حماقت ہے! |
| **What** an idea! | کیا ہی خیال ہے! |
| **What** a blessing! | کیسی نوازش ہے! |
| **What** a piece of work! | کیسا نمونہ ہے! |

## 8. Possessive Adjectives .8 صفت ملکیتی

**Definition:**

The words which show the possession of something are called Possessive Adjectives."

تعریف: "وہ الفاظ جو کسی کی ملکیت کو ظاہر کریں۔صفت ملکیتی (Possessive Adjectives) کہلاتے ہیں۔"

**Examples:**

| | |
|---|---|
| This is **my** car. | یہ میری گاڑی ہے۔ |
| This is **your** room. | یہ تمھارا کمرہ ہے۔ |
| This is **our** plan. | یہ ہمارا پروگرام ہے۔ |
| This is **your** brother. | یہ تمھارا بھائی ہے۔ |
| This is **my** friend. | یہ میرا دوست ہے۔ |

## Degree of Adjectives اسم صفت کے درجے

صفت کے مندرجہ ذیل تین درجے ہیں:

## 1. Positive Degree .1 تفصیل نفسی

Definition:

" An adjective used to denote the mere existence of some quality of what we speak about, is called Positive."

تعریف: "وہ اسم صفت (Adjectives) جو کسی اسم کی ذاتی صفت بیان کرے اور اس کا کسی سے مقابلہ نہ ہو۔ اسے اردو میں تفصیل نفسی اور انگریزی میں Positive Degree کہتے ہیں۔"

**Examples:**

| | |
|---|---|
| Shazi is a **good** girl. | شازی ایک اچھی لڑکی ہے۔ |
| Mangoes are **sweet**. | آم میٹھے ہیں۔ |
| This table is **precious**. | یہ میز بہت قیمتی ہے۔ |

ان میں sweet ,good ,precious ایک ذاتی صفت ہے اور ان کا کسی دوسرے کے ساتھ کوئی مقابلہ نہیں۔یاد رکھیں کہ پوزیٹیو ڈگری کا مقابلہ کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔اس میں صرف سادہ فقرے ہی بولے جاسکتے ہیں۔۔

## 2. Comparative Degree 2. تفضیل بعض

Definition:

" An adjective which denotes a higher degree of the quality than the positive and used when two things or set of things are comapred, is called Comparative Degree of Adjective."

تعریف: "وہ اسم صفت (Adjectives) جو دو اشخاص یا اشیاء کے درمیان مقابلہ کر کے ظاہر کرے کہ فلاں فلاں سے اچھا یا برا ہے۔ اسے اردو میں تفصیل بعض اور انگریزی میں Comparative Degree کہتے ہیں۔"

www.pakcity.org

**Examples:**

| | |
|---|---|
| Daud is **more** intelligent than Sultan. | داؤد، سلطان سے زیادہ ذہین ہے۔ |
| Naila is **better** than Nazi. | نائلہ نازی سے بہتر ہے۔ |
| My book is **better** than your book. | میری کتاب تمھاری کتاب سے بہتر ہے۔ |

## 3. Superlative Degree — 3. تفضیل کل

Definition:

" An adjective which denotes the highest degree of the quality and is called used when more than two things or sets of things are compared, is called Superlative Degree of Adjective."

تعریف: " وہ اسم صفت (Adjectives) جو دو یا دو سے زیادہ اشخاص یا اشیاء کا مقابلہ کرکے ایک کو سب سے اچھا یا برا یا کوئی اور صفت ظاہر کرے۔ اسے اردو میں تفضیل کل اور انگریزی میں Superlative Degree کہتے ہیں۔"

**Examples:**

| | |
|---|---|
| The boy is **the strongest** in the class | یہ لڑکا کلاس میں سب سے زیادہ طاقتور ہے۔ |
| Shumaila is the **most intelligent** of all. | شمائلہ سب سے زیادہ ذہین ہے۔ |

اس میں ایک لڑکے کو پوری کلاس پر اہمیت دی گئی ہے اور پوری کلاس کے لڑکوں سے مقابلہ کرکے یہ بتایا گیا ہے۔ کہ یہ لڑکا پوری کلاس کے لڑکوں سے زیادہ طاقتور ہے۔ اس ڈگری کو ہم عموماً دو سے زیادہ اشخاص یا اشیاء کا موازنہ کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ اس ڈگری کے بنانے کے لئے ہم Comparative ڈگری کی طرح more اور than کی بجائے most اور the کا استعمال کرتے ہیں۔ یعنی Positive ڈگری کے ساتھ est کا اضافہ اور The کا استعمال Superlative ڈگری کہلاتا ہے۔ Most کو ہم Superlative ڈگری کے علاوہ وہاں بھی استعمال کرتے ہیں جہاں مقابلہ وغیرہ نہ کیا جاتا ہو۔

## The Adverb — متعلق فعل

**Definition**:

" A word which modifies the meaning of a verb, an adjective, or another adverb is called an adverb."

تعریف: " وہ لفظ جو ایک فعل ، اِسم صفت یا ایک اور متعلق فعل کے معنوں میں اضافہ کرتا ہے۔ اس کو اُردو میں متعلق فعل اور انگریزی میں Adverb کہتے ہیں۔" مثلاً

**Examples:**

| | |
|---|---|
| Sultan runs **quickly**. | سلطان تیز دوڑتا ہے۔ |
| This is a **very** sweet mango. | یہ بہت میٹھا آم ہے۔ |
| Imran reads **quite** clearly. | عمران بالکل واضح پڑھتا ہے۔ |

**Examples:**

| | |
|---|---|
| She was sitting **close** beside me. | وہ بالکل میرے نزدیک بیٹھی تھی۔ |
| Have you read **all** through this book. | کیا تم نے یہ ساری کتاب پڑھ لی ہے۔ |
| She was dressed **all** in white. | وہ مکمل سفید کپڑے پہنے ہوئے تھی۔ |

مندرجہ ذیل جملوں میں سے Adverbs کو علیحدہ کر دیں اور ان Verbs کی بھی نشاندہی کریں۔ جن کے ساتھ ان کو استعمال کیا گیا۔

**Examples:**

- The sun shines brightly.
- We must eat our food slowly.
- The woman spoke loudly.
- You have done your lesson well.

## Kinds of Adverbs فعل متعلق کی اقسام

pakcity.org

متعلق فعل کی مندرجہ ذیل نو (9) اقسام ہیں:

### 1. Adverbs of Time .1 وقت کے متعلق فعل

Definition:

" The adverbs which denote the time of any job happening are called adverbs of time."

تعریف: " ایسے متعلق فعل جو کسی کام کے واقع ہونے کے وقت کو ظاہر کریں۔ متعلق فعل وقت کہلاتے ہیں۔" مثلاً

**Examples:**

| | |
|---|---|
| I have heard this **before**. | میں یہ پہلے بھی سن چکا ہوں۔ |
| He comes here **daily**. | وہ یہاں روزانہ آتا ہے۔ |
| I have spoken to him **already**. | میں اسکو پہلے بھی کہہ چکا ہوں۔ |

ان مثالوں میں before, daily, already وغیرہ ظاہر کرتے ہیں۔ کہ کوئی کام کسی وقت ہوا۔

### 2. Adverbs of Place .2 مقامی متعلق فعل

Definition:

" The adverbs which are used for place are called adverbs of place."

تعریف: " ایسے متعلق فعل جن کو جگہ یا مقام کے لئے استعمال کیا جائے۔ ان کو مقامی یا جگہی متعلق فعل کہتے ہیں۔" مثلاً

**Examples:**

| | |
|---|---|
| Stand **here**. | یہاں کھڑے ہو جاؤ۔ |
| Go **there**. | وہاں جاؤ۔ |
| He looked **up**. | اس نے اوپر دیکھا۔ |
| My brother is **out**. | میرا بھائی باہر ہے۔ |
| Walked **backward**. | پیچھے چلو۔ |

ان مثالوں میں Here, there, up, out, etc وغیرہ جگہ و مقام کو ظاہر کرتے ہیں۔

www.pakcity.org

## 3. Adverbs of Frequency — .3 کثرت کے متعلق فعل

Definition:

" The adverbs which show that how many times the work is done are called adverbs of frequency."

تعریف: " ایسے متعلق (Adverbs) جو یہ ظاہر کریں کہ کوئی کام کتنی بار ہوا ہے۔ سرعت یا کثرت کے متعلق فعل کہلاتے ہیں۔" مثلاً

**Examples:**

| | |
|---|---|
| I have told you **twice**. | میں تمہیں دوبار بتا چکا ہوں۔ |
| I have not seen him **once**. | میں نے اُسے ایک بار بھی نہیں دیکھا ہے۔ |
| He **often** makes mistakes. | وہ اکثر غلطیاں کرتا ہے۔ |
| He **seldom** comes here. | وہ شاذ و نادر ہی یہاں آتا ہے۔ |
| He **frequently** comes unprepared. | وہ اکثر بغیر تیاری کے آتا ہے۔ |

## 4. Adverbs of Manner — .4 وضع متعلق فعل

Definition:

" The adverbs which show that in what manner the work is done are called adverbs of manner."

تعریف: " ایسے متعلق فعل جو یہ ظاہر کریں کہ کام کس انداز، یا طریقے سے کیا جاتا ہے۔ وضع متعلق فعل کہلاتے ہیں۔" مثلاً

**Examples:**

| | |
|---|---|
| Daud reads **clearly**. | داؤد بالکل صاف پڑھتا ہے۔ |
| The Muslims fought **bravely**. | مسلمان دلیری سے لڑتے ہیں۔ |
| This story is **well** written. | یہ کہانی اچھی لکھی ہوئی ہے۔ |
| The boy works **hard**. | لڑکا محنت کرتا ہے۔ |
| You should not do **so**. | تمہیں ایسا نہیں کرنا چاہیے۔ |

ان مثالوں میں Clearly, bravely, well, hard, so, etc یہ تمام ظاہر کرتے ہیں۔ کہ کوئی شخص کوئی کام کس طرح اور کس انداز میں کرتا ہے۔ ان کو وضع متعلق فعل کہتے ہیں۔

## 5. Adverbs of Degree or Quantity — .5 درجاتی متعلق فعل

**Definition:**

" The adverbs which show the extent or degree in which the work is done are called adverbs of degree or quantity."

تعریف: " ایسے متعلق فعل جو کسی کام کی حد یا مرتبہ درجہ کو ظاہر کریں۔ انکو درجاتی متعلق فعل کہتے ہیں۔" مثلاً

**Examples:**

| | |
|---|---|
| He was too **careless**. | وہ بہت ہی لاپرواہ تھا۔ |
| I am **fully** prepared. | میں مکمل طور پر تیار ہوں۔ |
| I am **so** glad. | میں بہت خوش ہوں۔ |

www.pakcity.org

| | |
|---|---|
| You are **quite** wrong. | تم بالکل غلط ہو۔ |
| He is as tall **as** Daud. | وہ داؤد کی طرح لمبا ہے۔ |

ان مثالوں میں too, fully, so, quite as وغیرہ درجاتی متعلق فعل ہیں۔اور بتاتے ہیں کہ کام کسی مرتبہ اور درجے میں ہوا ہے۔

## 6. Adverbs of Affirmation and Negation — 6. تصدیقی اور تردیدی متعلق فعل

**Definition**:

" The adverbs which affirmate the sentence or anything are called adverbs of Affirmation."

تعریف: " ایسے متعلق فعل جو کسی جملے کی یقیناً تصدیق کر دیں۔اسطرح کہ اس جملے میں کہی ہوئی بات پوری ہو جائے۔اسکو تصدیقی متعلق فعل کہتے ہیں۔" مثلاً

**Examples:**

| | |
|---|---|
| **Surely**, you are mistaken. | یقیناً تم غلط فہمیدہ ہو۔ |
| He **certainly** went. | بے شک وہ چلا گیا۔ |

**Definition**:

" The adverbs which show the negative effect in the sentence are called adverbs of negation."

تعریف: " ایسے متعلق فعل جو جملے میں منفی اثر کو ظاہر کریں۔انکو نفی متعلق فعل کہتے ہیں۔"

**Examples:**

| | |
|---|---|
| I do **not** know him. | میں اسے نہیں جانتا۔ |
| Do **not** disturb me. | مجھے تنگ مت کرو۔ |
| He will **never** come there. | وہ وہاں کبھی نہیں آئے گا۔ |

ان مثالوں میں Not, Never نفی متعلق فعل ہیں۔

## 7. Adverbs of Reason — 7. دلیلی متعلق فعل

**Definition**:

" The adverbs which require a reason to complete the sense of the sentence are called adverbs of reason."

تعریف: " ایسے متعلق فعل جن کو جملے کی فہم (Sense) کو مکمل کرنے کے لیے دلیل کی ضرورت ہوتی ہے۔دلیلی متعلق فعل کہلاتے ہیں۔" مثلاً

**Examples:**

| | |
|---|---|
| He is **hence** unable to refute the charge. | یہاں وہ الزام کو ثابت کرنے کے قابل نہیں ہے۔ |
| He **therefore** left school. | اس لیے اس نے سکول چھوڑ دیا۔ |

ان مثالوں میں Therefore, hence وغیرہ دلیلی متعلق افعال ہیں دوسرے جملے میں توجہ دینے کی ضرورت ہے کہ اس نے سکول کیوں چھوڑا۔

www.pakcity.org

## 8. Interrogative Adverbs — سوالیہ متعلق فعل .8

**Definition:**

" When adverbs are used in asking questions they are called interrogative adverbs."

تعریف: " جب متعلق فعل کو کوئی سوال پوچھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ تو اسکو سوالیہ متعلق فعل کہتے ہیں۔" مثلاً

**Examples:**

| | |
|---|---|
| Where is Abdul? | عبدل کہاں ہے؟ |
| Why are you late? | تمھیں دیر ہو رہی ہے؟ |
| When did you come? | تم کب آئے؟ |

ان مثالوں میں Where ,Why, When وغیرہ سوالیہ متعلق فعل ہیں۔

## 9. Relative Adverbs — نسبتی متعلق فعل .9

**Definition:**

" The adverbs that are used to join two or more clauses are called relative adverbs."

تعریف: " ایسے متعلق فعل جن کو دو یا دو سے زیادہ جملوں کو ملانے کے لیے استعمال کیا جائے۔ انکو نسبتی فعل کہتے ہیں۔" مثلاً

**Examples:**

| | |
|---|---|
| I know **where** he lives. | مجھے معلوم ہے کہ وہ کہاں رہتا ہے۔ |
| This is the reason **why** I left. | یہ وجہ ہے کہ میں کس کے لیے گیا۔ |
| Do you know the time **when** the Punjab Mail arrives. | کیا آپ جانتے ہیں کہ پنجاب میل کب آئے گی۔ |

www.pakcity.org

ان مثالوں میں Where ,Why ,When, etc کو مختلف جملوں کو ملانے کے لیے استعمال کیا گیا ہے لہذا یہ Relative Adverbs ہیں۔

## Forms of Adverbs — متعلق افعال کی اشکال

pakcity.org

کچھ متعلق افعال (Adverbs) کی اشکال بالکل مماثل اسم صفت جیسی ہی ہوتی ہے۔ اس لئے کچھ الفاظ کو بعض اوقات متعلق فعل (Adverbs) اور بعض اوقات اسم صفت (adjective) کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔ مثلاً

**Examples:**

| | |
|---|---|
| He spoke in a loud voice. ( Adjective ) | وہ اونچی آواز میں بولا۔ |
| Don't talk so loud. (Adverbs) | اتنا اونچا نہ بولو |
| Waseem Akram is our fast bowler. (Adjective) | وسیم اکرم ہمارا تیز باؤلر ہے۔ |
| Waseem Akram can bowl fast. (Adverbs) | وسیم اکرم تیز بال کرواسکتا ہے۔ |

## Formation of Adverbs متعلق افعال کی بناوٹ

وضع متعلق افعال (Adverbs of manner) کو اکثر اسم صفت (Adjectives) کے ساتھ " ly " کا اضافہ کرنے سے بناتے ہیں۔ مثلاً
Clever, Cleverly; Wise, Wisely; Loud, Loudly; Foolish, Foolishly; etc

**Examples:**

| | |
|---|---|
| Akbar was a wise king. | اکبر ایک عقلمند بادشاہ تھا۔ |
| He ruled **wisely** for many years. | اس نے عقلمندی کے ساتھ کئی سالوں تک حکومت کی۔ |

جب اس (Adjective) "y" پر ختم ہوں۔ تو "y" کو "i" میں تبدیل کر کے آگے "ly" کا اضافہ کر کے بھی وضع متعلق افعال حاصل کر سکتے ہیں۔ مثلاً

.Happy, Happily; Ready, Readly; Heavy, Heavily, etc

جب اسم صفت "le" پر ختم ہوتے ہیں۔ ان کے آگے "e" ہٹا کر "y" لگانے سے بھی متعلق فعل حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ مثلاً

Single, singly; double, doubly; etc

## The Conjunction حروف عطف

**Definition**:

" A word which merely joins together sentences, and sometimes words, is called a conjunction."

تعریف: " وہ لفظ جو محض جملوں کو اور بعض اوقات کچھ الفاظ کو آپس میں ملانے کے لیے استعمال کیا جائے۔ حرف عطف (ملاؤ۔ جوڑ۔ افعال) کہلاتا ہے۔"

**Examples:**

| | |
|---|---|
| God made the country **and** man made the town. | اللہ تعالی نے زمین کا ٹکڑا بنایا اور انسان نے شہر بنایا۔ |
| Our hoard is little, **but** our hearts are great. | ہمارا ذخیرہ بہت کم ہے۔ مگر ہمارا دل بہت بڑے ہیں۔ |
| Two **and** two make four. | دو اور دو چار ہوتے ہیں۔ |

مثال نمبر 1 اور 2 میں and اور but وغیرہ دو جملوں کو ملاتے ہیں۔ جبکہ مثال نمبر 3 میں and دو لفظوں کو ملاتا ہے۔
حروف عطف دو جملوں کو آپس میں ملاتے بھی ہیں۔ اور اکثر ان کو مختصر بھی بناتے ہیں۔

**Examples:**

| | |
|---|---|
| Waseen Akram and Umar are good bowlers. | وسیم اکرم اور عمر اچھے باؤلر ہیں۔ |

اس میں جو حرف عطف and استعمال کیا گیا ہے۔ یہ بہت ہی بڑی بات کو مختصر کر کے تھوڑی سی بناتا ہے۔ اگر and استعمال نہ کیا جائے۔ تو یہ جملہ کچھ اسطرح ہو گا۔

**Examples:**

| | |
|---|---|
| The man is poor, but honest. | آدمی غریب ہے، مگر ایماندار ہے۔ |
| The man is poor, but he is honest. | آدمی غریب ہے مگر وہ ایماندار ہے۔ |

اس کے علاوہ حرف عطف and لفظوں کو بھی ملاتا ہے۔

www.pakcity.org

**Examples:**

| | |
|---|---|
| Duad and Masood are brothers. | داؤد اور مسعود بھائی ہیں۔ |
| Daud and Masood came home together. | داؤد اور مسعود اکٹھے گھر آئے۔ |
| Masood and Shazam love each other. | مسعود اور شازم آپس میں پیار کرتے ہیں۔ |

ایسے جملوں کو ہم دو یا زیادہ جملوں میں تقسیم نہیں کر سکتے۔ جیسا کہ ہم نے اوپر والے جملوں کو کیا ہے۔

(ii) حروف عطف (conjunction) کی بغور نسبتی اسم ضمائر (Relative Pronouns) نسبتی متعلق افعال (Relative Adverbs) اور حروف جار (proposition) سے علیحدہ تمیز کرنی چاہیے۔ کیونکہ (نسبتی ضمائر، نسبتی متعلق افعال، حروف جار) لفظوں کو ملانے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

## Compound Conjunction مرکب حروف عطف

pakcity.org

تعریف: " جب ہم بہت سے مرکب محاوروں کو حروف عطف کو طور پر استعمال کرتے ہیں تو ان کو مرکب حروف عطف کہتے ہیں۔ " مثلاً

As though, even if, so that, provided that, in order that, on Condition that, as well as, as, soon as, as if, etc.

**Examples:**

| | |
|---|---|
| The notice was published in order that all might know the facts. | اشتہار شائع کر دیا تھا تاکہ تمام حقائق کو جان سکیں۔ |
| I will forgive you on condition that you do not repeat the Offence. | میں تمہیں معاف کر دوں گا مگر اس شرط پر کہ تم دوبارہ جرم نہیں کرو گے۔ |

## Groups of Conjunctions حروف عطف کے گروپ

(i) درج ذیل حروف عطف کسی خیال میں اضافے کو ظاہر کرتے ہیں۔

And, further, furthermore, besides, likewise, moreover, in addition

(ii) درج ذیل حروف عطف موازنہ کو ظاہر کرتے ہیں۔

Still, yet, on the other hand, but, all the same, however, on contrary, nevertheless

(iii) درج ذیل حروف عطف جوڑوں کی صورت میں آتے ہیں۔

Both-and, not only-but also, either-or, neither-nor, whether-or

(iv) درج ذیل حروف عطف حق وغیرہ کو ظاہر کرتے ہیں۔

In spite of, Though, although, even though, whether

(v) درج ذیل حروف عطف سبب یا مقصد کو ظاہر کرتے ہیں۔

Since, why, on the ground, that, for the reason that, for, as, because

(vi) درج ذیل حروف عطف شرط یا شرطیہ خیال کو ظاہر کرتے ہیں۔

Unless, until, except that, provided, if

(vii) درج ذیل حروف عطف متبادل کو ظاہر کرتے ہیں۔

Otherwise, or else

www.pakcity.org

(viii) درج ذیل حروف عطف نتیجہ کو ظاہر کرتے ہیں۔

This, therefore, hence, accordingly, consequently

(ix) درج ذیل حروف عطف وضاحت کو ظاہر کرتے ہیں۔

Such as, for example, for instance

## The Interjection حروف فجائیہ

**Definition**:

" An interjection is a word which expresses some sudden feelings or emotions."

تعریف: "حروف فجائیہ یا حروف ندا ان الفاظ کو کہتے ہیں جو کسی کے اچانک جذبات یا احساسات کو ظاہر کریں، یہ احساسات دکھ، خوشی، حیرت یا افسوس وغیرہ سے متعلق ہوں۔" مثلاً

ouch, well done, bravo, what, ha, alas, hurrah وغیرہ۔

حروف ندا جن جذبات کو ظاہر کرتے ہیں وہ معنی اور جملوں میں کچھ اسطرح سے استعمال ہوتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| Hurrah/ huzza | واہ واہ / شاباش |
| Hurrah! We have won the match. | آہا! ہم نے میچ جیت لیا ہے۔ |

Prepared By:

Dear Sir. M. Ajmad Hafeez Suib
Govt Boys High School, Gujranwala

www.pakcity.org